www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور تھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | جمعہ 24 اپریل 2026ء بمطابق 06 ذیقعد 1447ھ | شمارہ 269 | قیمت 10 روپے

ٹرمپ کا آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگیں بچھانے والی کشتی کو تباہ کرنیکا حکم

دشمن کے تمام 159 بحری جہاز سمندر کی تہہ میں جا چکے ہیں، امریکی مائن سویپرز آبنائے ہرمز کو صاف کرنے میں مصروف ہیں

ایران کیساتھ جنگ بندی میں توسیع کے معاملے پر وقت کی کوئی قید نہیں، ٹرمپ کے آبنائے ہرمز میں کارروائیاں 3 گنا بڑھانے کا حکم

فوج کو ہدایت دی ہے کہ ناکہ بندی جاری رکھی جائے اور ہر ممکن صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار رہے، امریکی صدر کی میڈیا سے گفتگو

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز میں کارروائیاں تین گنا بڑھانے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ اس معاملے میں کوئی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی بحریہ کو حکم دیا ہے کہ کھوئی ہوئی یا بزنی ہر کشتی کو نشانہ بنایا جائے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگیں بچھانے والی ہر کشتی کو تباہ کر دیا جائے، کوئی ٹیکنیکل رپورٹ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن کے تمام 159 بحری جہاز سمندر کی تہہ میں جا چکے ہیں، امریکی مائن سویپرز آبنائے ہرمز کو صاف کرنے میں مصروف ہیں۔ دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ ایران کے ساتھ جنگ بندی میں توسیع کے معاملے پر وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

وزیر اعظم: ایران امریکہ کو جلد دوبارہ بٹھانے میں کامیاب ہو جائینگے

وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں شمسی توانائی سے پیدا ہونے والی اضافی بجلی کے ذخیرے کے لئے بیٹریوں کی دستیابی آسان بنانے اور مقامی سطح پر اعلیٰ معیار کی بیٹریاں تیار کرنیکی بھی ہدایت کی گئی

انرجی سکیورٹی اب ملک کی مجموعی منصوبہ بندی کا انتہائی اہم حصہ بن چکی ہے، موجودہ علاقائی صورتحال کے باوجود بروقت اقدامات اور توانائی کی بچت کے باعث ملک میں کسی بڑے بحران کو جنم نہیں لینے دیا گیا، وزیر اعظم

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ موجودہ علاقائی صورتحال میں توانائی کی بچت اور اس حوالے سے بروقت کئے گئے اقدامات سے توانائی کا کوئی بحران پیدا نہیں ہوا۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت انرجی سکیورٹی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ملک کی توانائی ضروریات، بچت اقدامات اور مستقبل کی بحکمت عملی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ انرجی سکیورٹی اب ملک کی مجموعی منصوبہ بندی کا انتہائی اہم حصہ بن چکی ہے، موجودہ علاقائی صورتحال کے باوجود بروقت اقدامات اور توانائی کی بچت کے باعث ملک میں کسی بڑے بحران کو جنم نہیں لینے دیا گیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مستقبل کی ضروریات کے پیش نظر خام تیل کے متبادل ذخائر .....

وزیر اعظم سے انسانی خلائی مشن پر جانیوالے پاکستانی خلابازوں کی ملاقات

چینی تعاون سے یہ خلائی سفر برادرانہ تعلقات میں نئی جہتوں کا اضافہ کریگا، وزیر اعظم

خلائی تحقیق میں پاکستان اور چین کا تعاون دوستی کو نئی بلندیوں تک لے جائے گا، چینی سفیر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے انسانی خلائی مشن پر جانے والے پاکستانی خلابازوں خرم دادا اور محمد ذیشان علی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر سپارکو کے خلابازاتاجی حسنین اختر بھی موجود تھے۔ ملاقات میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

وزیر اعظم شہباز شریف کی اسلام آباد میں چین کے سفیر جیانگ ژائیڈونگ سے ملاقات

محسن نقوی، امریکی سفیر ملاقات، مذاکرات کے دوسرے راؤنڈ پر تبادلہ خیال

ملاقات میں اسلام آباد مذاکرات کے انعقاد کے حوالے سے بات چیت کی گئی

وزیر داخلہ محسن نقوی نے جنگ بندی میں توسیع کیلئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اقدام کو سراہا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے امریکی سفیر مائیکل ملکر نے اہم ملاقات کی جس میں ملنے کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اسلام آباد مذاکرات کے دوسرے راؤنڈ کے انعقاد کے حوالے سے ساری کاوشوں پر بھی بات چیت کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

وزیر اعظم شہباز شریف نے اسلام آباد میں توانائی کی سلامتی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کی

حافظ نعیم: ملک کی معیشت پر چند لوگوں کی اجارہ داری ہے

ایران کی لیڈرشپ اور عوام کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں، ایران نے امریکا کے ناقابلِ شکست ہونے کے تاثر کو تباہ کیا

آئی پی پیز میں جو بجلی بنتی نہیں اس کے بھی پیسے دیتے ہیں، تمام حکومتیں اسکول اور اسپتال آؤٹ سورس کر رہی ہیں

ٹرمپ مڈٹرم الیکشن میں کامیابی کیلئے معاملہ جلد حل کرنا چاہ رہے ہیں، کراچی میں ریڈ لائن منصوبہ 103 ارب روپے تک پہنچ گیا

پاکستان کے حالات خراب بھی ہوتے ہیں تو اشرافیہ کے حالات بہتر ہوتے ہیں، امیر جماعتِ اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن

لاہور (ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کا کہنا ہے کہ پاکستان کے حالات خراب بھی ہوتے ہیں تو اشرافیہ کے حالات بہتر ہوتے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے پریس کانفرنس میں کہا ہے کہ امریکا نیٹو ممالک کی حفاظت نہیں کرسکتا صرف اسرائیل کی کرتا ہے، ایران امریکا مذاکرات کے لیے پاکستان کی کوششوں کی حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران کی لیڈرشپ اور عوام کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ایران نے امریکا کے ناقابلِ شکست ہونے کے تاثر کو تباہ کیا ہے، ٹرمپ مڈ ٹرم الیکشن میں کامیابی کے لیے معاملہ جلد حل کرنا چاہ رہے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ملک کی معیشت پر چند لوگوں کی اجارہ داری ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ آئی پی پیز میں جو بجلی بنتی نہیں اس کے بھی پیسے دیتے ہیں، تمام حکومتیں اسکول اور اسپتال آؤٹ سورس کر رہی ہیں۔ حافظ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

آبنائے ہرمز میں عدم استحکام کی وجہ امریکی و اسرائیلی جارحیت ہے، عراقچی

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا ہے کہ تنگ قارس اور آبنائے ہرمز میں عدم استحکام کی بنیادی وجہ امریکی اور اسرائیلی جارحیت ہے۔ جنوبی کوریا کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

لیاقت آباد سپر مارکیٹ کے علاقے میں غیر قانونی تجاوزات ٹریفک جام کا سبب بن رہی ہیں

وعدہ خلافی، دھمکیاں حقیقی مذاکرات میں راہ میں رکاوٹ ہیں، ایرانی صدر

تہران (ویب ڈیسک) ایران کے صدارتی دفتر نے کہا ہے کہ انصاف، وقار اور دانش مندی کی بنیاد پر مذاکرات کا دروازہ اب بھی کھلا ہے۔ ایرانی صدر کے دفتر نے ملکی قیادت .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

امریکی افواج کی بحر ہند میں کارروائی، ایک اور بحری جہاز قبضے میں لے لیا

ایران کو معاونت فراہم کرنیوالے جہازوں کو روکنے کیلئے کارروائیاں جاری رکھیں گے، امریکہ

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی افواج نے عمر بند سے ایرانی تیل لے جانے والا جہاز قبضہ میں لے لیا۔ امریکی فوج کا دعویٰ ہے کہ جہاز میں ایرانی تیل لے جایا جا رہا تھا، امریکی فوج نے جہاز Majestic X کی حوالگی، کارروائی بحر ہند میں انڈو پیسفک کمان نے کی۔ امریکی محکمہ جنگ کا کہنا ہے کہ ایران کو معاونت فراہم کرنے والے جہازوں کو روکنے کے لیے کارروائیاں جاری رکھیں گے جانے انہیں کہیں بھی آپریٹ کیا جا رہا ہو، خلیج عمان سمندر میں غیر قانونی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

سندھ میں بغیر روٹ پرمٹ اور فٹنس سرٹیفکیٹ گاڑیوں کیخلاف کارروائی کا حکم

تمام گاڑیاں موٹر وہیکلز آرڈیننس 1965 اور موٹر وہیکلز رولز 1969 کے تحت لازمی دستاویزات کیساتھ ہی چلائی جائیں

بین الاضلاعی اور شہری روٹس کے پرمٹس بھی خودکار نظام کے ذریعے دیے جا رہے ہیں، میونسپل روٹ پرمٹس ختم کر دیے جائینگے

حکومت سندھ ٹرانسپورٹرز کو سبسڈی فراہم کر رہی ہے، 27 فروری 2026 سے پہلے کا کرایہ وصول کرنے کی شرط برقرار ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے صوبے بھر میں بغیر درست روٹ پرمٹ اور فٹنس سرٹیفکیٹ کے چلنے والی پبلک سروس گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ کر لیا ہے۔ سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ اس حوالے سے اپنی کنفرنس اور چیئرمین ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹیز کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بڑی تعداد میں گاڑیوں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

ایرانی سپریم لیڈر ذبیحی طور پر متحرک اور باخبر ہیں، نیویارک ٹائمز

سپریم لیڈر شدید زخمی مگر ہوش میں ہیں، قاصدوں کے ذریعے پیغام رسانی جاری، ایرانی عہدیدار

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے دعویٰ کیا ہے کہ ایرانی سپریم لیڈر ذبیحی طور پر متحرک اور باشعور ہیں لیکن ملک کے اہم فیصلے عملاً پاسداران انقلاب کے اعلیٰ کمانڈروں کے ایک گروپ کے ذریعے کیے جا رہے ہیں۔ نیویارک ٹائمز نے گفتگو میں ایک ایرانی عہدیدار کے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ سپریم لیڈر تھی خامنہ ای اندرونی حملے میں زخمی ہو گئے تھے اور تاحال علنی طور پر گھر ہی میں ہیں۔ ایران کے اس سینئر عہدیدار نے بتایا کہ سپریم لیڈر تھی خامنہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

دہائیوں کے گناہوں کے بعد آج یورپ جاگ رہا ہے، سعد رفیق

صیہونیت کے تابع فرمان امریکی حکمران اپنے استعماری رویے بدلنے کو تیار نہیں

لاہور (ویب ڈیسک) لیگی رہنما خواجہ سعد رفیق کا کہنا ہے جب طاقتور ریاستیں مفادات اور طاقت کے حصول کے لئے اندھی ہو جائیں تو انکی قیمت بیشمار کمزور اقوام کے لاکھوں بے گناہ لوگوں کے قتل عام، قیامت خیز بربادی، تباہ حال معاشرت اور آنیوالی نسلوں کے تاریک مستقبل کی صورت ادا کرنا پڑتی ہے۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا دنیا میں اپنی کالونیز بنانے والی یورپی طاقتوں اور ان بعد جنگ عظیم کے فاتحین نے دنیا کو تاراج کیا اور اپنی مرضی کا استعماری .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

پہلگام واقعہ سے متعلق بھارتی الزامات بے بنیاد، پروپیگنڈا ہیں، پاکستان

عالمی برادری بھارت کو اشتعال انگیزی اور منفی پروپیگنڈے سے باز رکھے

بھارت دہشتگردی کے الزامات سے توجہ ہٹانے کی کوشش کر رہا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان نے پہلگام واقعے سے متعلق بھارتی الزامات کو بے بنیاد اور پروپیگنڈا قرار دے دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق بھارت غلط میں امن کوششوں کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہا ہے، بھارت اندرونی سیاسی مفادات کیلئے جھوٹا بیانیہ گھڑ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے کراچی میں اداروں کی پریس کانفرنس کی

سمندر میں چھپا ہمارا بحری بیڑا امریکی جہازوں کے انتظار میں ہے ایران

ایران کی کشتیاں اور جدید زیر آب ڈرونز امریکی جہازوں کی تباہی کیلئے تیار ہیں، پاسداران انقلاب کی تیاریاں مکمل ہیں، غلام حسین محسنی

امریکی جہازوں نے حد پار کی تو انہیں عبرت کا نشان بنا دیں گے امریکا اب آبنائے ہرمز کے قریب آنے کی ہمت نہیں رکھتا، ایرانی چیف جسٹس

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی چیف جسٹس غلام حسین محسنی نے امریکا کو متنبہ کیا ہے کہ پاسداران انقلاب کی تیاریاں مکمل ہیں۔ غلام حسین محسنی نے امریکی دھمکیوں پر ردعمل میں کہا کہ ایران کی کشتیاں اور جدید زیر آب ڈرونز امریکی جہازوں کی تباہی کیلئے تیار ہیں۔ سمندری فاروں میں چھپا ہمارا بحری بیڑا امریکی جہازوں کے انتظار میں ہے۔ ایرانی چیف جسٹس نے کہا کہ امریکی جہازوں نے حد پار کی تو انہیں عبرت کا نشان بنا دیں گے امریکا اب آبنائے ہرمز کے قریب آنے کی ہمت نہیں رکھتا۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا اپنے جہازوں کا انجام دیکھ چکا ہے ایران کے قبضے میں لے گئے بحری جہازوں کیخلاف قانونی کارروائی کا عمل جاری ہے۔ واضح رہے کہ امریکی فوج نے ایرانی تیل سے مشک تنکر قبضے میں لے لیا۔ امریکی محکمہ دفاع .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

کولیرز کراچی کے کینٹ ریلوے اسٹیشن پر شدید گرمی کے دوران درخت کے نیچے آرام کر رہے ہیں

تحویل میں لئے گئے بحری جہاز ایران کیلئے تحفہ نہیں تھا، بیجنگ

بیجنگ (ویب ڈیسک) بیجنگ نے امریکی صدر کے دعوے کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ تحویل میں لئے گئے بحری جہاز میں ایران کیلئے تحفہ نہیں تھا۔ بیجنگ وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ یہ غیر ملکی کنٹینر جہاز تھا جسے امریکا نے تحویل .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

وزیر اعظم چینی سفیر ملاقات، خطے کی صورت حال اور امن کوششوں پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف سے بیجن کے سفیر جیانگ ژائیڈونگ نے وفاقی دارالحکومت میں اہم ملاقات کی ہے۔ اس موقع پر نائب وزیر اعظم و وزیر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

امریکا ایران مذاکرات: فیلڈ مارشل عاصم منیر غیر معمولی کردار ادا کر رہے ہیں، فنانشل ٹائمز

پاکستان امریکا اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی کم کرنے اور مذاکرات کو مکمل طور پر ناکام ہونے سے بچانے کے لیے سرگرم کردار ادا کر رہا ہے

پاکستان ان مشکلات کے باوجود دونوں فریقین کے درمیان رابطے کا پل بننے کی کوشش کر رہا ہے تاکہ مذاکراتی عمل جاری رکھا جا سکے، برطانوی جریدہ

لندن (ویب ڈیسک) برطانوی جریدے فنانشل ٹائمز کی ایک رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ پاکستان امریکا اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی کم کرنے اور مذاکرات کو مکمل طور پر ناکام ہونے سے بچانے کے لیے سرگرم کردار ادا کر رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر اس سفارتی عمل میں ایک اہم اور غیر روایتی کردار کے طور پر سامنے آئے ہیں، جو دونوں ممالک کے درمیان رابطہ کاری کو یقینی قرار رکھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جریدے کے مطابق امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات اس وقت نازک مرحلے میں ہیں، جہاں باہمی اعتماد کی کمی، اقتصادی پابندیاں اور علاقہ فوجی کشیدگی اہم رکاوٹیں بن رہی ہیں، رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان ان مشکلات کے باوجود دونوں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | شیئرنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے آلاصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، فرفلور، ویننڈی کراف بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448 | 021-35210448
021-36450295
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

بھارت کا اعترافِ شکست

بھارت نے گزشتہ برس مئی میں آپریشن سندور کے نام سے پاکستان کے خلاف ایک فوجی کارروائی کی تھی دوبارہ پارلیمانی کامیابی کے طور پر پیش کر رہا ہے، تاہم حقائق کچھ اور ہی کہانی بیان کرتے ہیں۔ بھارتی فوج اور فضائیہ کے سربراہان کے بیانات، دفاعی تجزیہ کاروں کی رپورٹس اور خود بھارتی میڈیا کی تنقید یہ ثابت کرتی ہے کہ اس آپریشن نے بھارتی عسکری حکمتِ عملی کی کئی بنیادی خامیوں کو بے نقاب کیا۔ اب بھارت کے چیف آف ڈیفنس سٹاف جنرل انل چوہان آپریشن سندور میں اپنی عبرتناک شکست چھپانے کے لیے مضحکہ خیز بیانات دے رہے ہیں۔ جنرل انل چوہان نے آپریشن سندور میں بزیمت چھپانے کی کوشش کرتے ہوئے کہا کہ آنے والے چیلنجز مختلف ہوں گے، ہمیں پچھلے سندور کو بھول کر اب اگلے سندور کی تیاری کرنی چاہیے۔ گزشتہ برس مئی کے مہینے میں جو کچھ ہوا وہ دنیا کی تاریخ سے نہ مٹنے والا ایک ایسا نقش ہے جو بھارت کو ہمیشہ یاد دلاتا رہے گا کہ پاکستان سے الجھنا کس حد تک نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ بھارت سے کئی گنا کم فوج اور وسائل رکھنے والے پاکستان نے پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد پہلے تیزی کوشش کی کہ دونوں ہمسایہ ممالک کے مابین صورتحال پگڑ کا شکارنہ ہو لیکن جب بھارت بازنہیں آیا تو پھر جوابی کارروائی کے طور پر پاکستان نے جو کچھ کیا وہ دنیا بھر کی عسکری ترتیب گاہوں کے لیے ایک سبق آموز واقعہ بن گیا۔ چار گنا بڑی فوج اور بے پناہ دفاعی بجٹ کے باوجود بھارت کو پاکستان کے جوابی آپریشن بنیان مرصوص، معرکہ حق کے دوران جس ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا اسے وہ کبھی بھول نہیں سکے گا۔ یہ صرف ایک فوجی آپریشن کی ناکامی نہیں بلکہ اس پوری سوچ کی شکست ہے جو طاقت کے زور پر اپنی برتری منوانا چاہتی ہے۔ بھارتی قیادت کو یہ سمجھنا ہوگا کہ پائیدار امن فوجی طاقت سے نہیں بلکہ سیاسی سمجھ داری اور باہمی احترام سے آئے گا۔ آج بھارت میں کروڑوں شہری غربت، بھوک، بے روزگاری اور صحت کی ناقص سہولیات کے ساتھ زندگی بسر کر رہے ہیں۔ وسائل کا اتنا بڑا حصہ جنگی تیاریوں پر خرچ کرنا اور پھر کسی میدانِ جنگ میں ناکام رہنا، بھارتی حکمرانوں کی ترجیحات پر سنجیدہ سوال اٹھاتا ہے۔ سندور 2 کی دھمکیاں دینے کی بجائے بھارت کو اپنے عوام کی فلاح و بہبود پر توجہ دینی چاہیے اور خطے میں کشیدگی بڑھانے کی بجائے امن کا راستہ اپنانا چاہیے؛ پاکستان اپنے ہمسایوں کے ساتھ پرامن تعلقات کا خواہاں ہے لیکن وہ جنگ کے لیے ہر وقت تیار بھی ہے، اور تیار رہے، یہ بھارت سے بہتر اور کون جانتا ہے!

پاکستان کی جنگ بندی کی کامیاب کوششیں

ایک مرتبہ پھر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پاکستان کی جنگ بندی کی درخواست کو قبول کر لیا ہے، جو عالمی سطح پر پاکستان کے بڑھتے ہوئے سفارتی اثر و رسوخ کی ایک نمایاں مثال ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی مشترکہ کوششوں نے ایک مرتبہ پھر یہ ثابت کیا ہے کہ پاکستان دہشت گرد ملک میں امن کا خواہاں ہے بلکہ اس کے قیام کے لیے فعال اقدامات بھی کر رہا ہے۔ اس پیش رفت نے نہ صرف مکمل تعاون کو ظاہر کیا ہے بلکہ عالمی برادری کو یہ پیغام بھی دیا ہے کہ پاکستان ایک ذمہ دار اور سنجیدہ ریاست کے طور پر اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ یہ پہلو خاص طور پر قابل غور ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے دہشت گردی کو یہ پیغام دیا ہے کہ پاکستان عالمی قیادت کے ساتھ ہر دوسرا رابطہ قائم کر کے ایک ایسا ماحول پیدا کرنے میں کشیدگی کو کم کرنے کی راہ ہموار ہوئی۔ امریکی قیادت کی جانب سے جنگ بندی میں تسلسل کی درخواست کو قبول کرنا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ پاکستان کی بات کو سنجیدگی سے سنا جا رہا ہے اور اسے ایک موثر سفارتی قوت کے طور پر تسلیم کیا جا رہا ہے۔

پاکستان کی تاریخ گواہ ہے کہ اس نے ہمیشہ عالمی اور علاقائی تنازعات کے حل کے لیے مذاکرات، مفاہمت اور سفارتکاری کو ترجیح دی ہے۔ چاہے وہ افغانستان کا مسئلہ ہو یا خطیج ممالک کے درمیان کشیدگی ہو یا دیگر ممالک کے درمیان تنازعات کا معاملہ ہو، پاکستان ہمیشہ امن کا داعی رہا ہے۔ یہ حقیقت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان نہ صرف جاننی کو کرداراً کرنا چاہتا ہے بلکہ اس ذمہ داری کو پیشہ ورانہ مہارت اور سنجیدگی کے ساتھ نبھانے کے لیے عمل طور پر تیار ہے۔ مشرق وسطیٰ ایک ایسا خطہ ہے جہاں معمولی سی کشیدگی بھی بڑے پیمانے پر بحران کا باعث بن سکتی ہے۔ ایران سے متعلق تنازع اگر شدت اختیار کرتا تو اس کے اثرات نہ صرف اس خطے تک محدود رہتے بلکہ عالمی سطح پر بھی اس کے منفی اثرات مرتب ہوتے۔ تو انائی کی سپلائی متاثر ہوتی، عالمی معیشت پر دباؤ بڑھتا، اور خطے میں عدم استحکام مزید گہرا ہو جاتا۔ ایسے میں پاکستان کی جانب سے بروقت مداخلت اور جنگ بندی کی حمایت ایک معیار کی سفارت کاری اور سفارتی صلاحیت کا مظہر ہے۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کا یہ پہلو اس بات کا ثبوت ہے کہ اس نے ہمیشہ مکالمہ اور تنازعات کے حل کو ترجیح دی ہے۔ چاہے وہ افغانستان کا مسئلہ ہو یا خلیجی ممالک کے درمیان کشیدگی ہو یا دیگر ممالک کے درمیان تنازعات ہوں، پاکستان ہمیشہ امن کا داعی رہا ہے۔ یہ حقیقت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان نہ صرف جاننی کو کردار ادا کرنا چاہتا ہے بلکہ اس ذمہ داری کو پیشہ ورانہ مہارت اور سنجیدگی کے ساتھ نبھانے کے لیے عمل طور پر تیار ہے۔ مشرق وسطیٰ ایک ایسا خطہ ہے جہاں معمولی سی کشیدگی بھی بڑے پیمانے پر بحران کا باعث بن سکتی ہے۔ ایران سے متعلق تنازع اگر شدت اختیار کرتا تو اس کے اثرات نہ صرف اس خطے تک محدود رہتے بلکہ عالمی سطح پر بھی اس کے منفی اثرات مرتب ہوتے۔ تو انائی کی سپلائی متاثر ہوتی، عالمی معیشت پر دباؤ بڑھتا، اور خطے میں عدم استحکام مزید گہرا ہو جاتا۔ ایسے میں پاکستان کی جانب سے بروقت مداخلت اور جنگ بندی کی حمایت ایک معیار کی سفارت کاری، سفارتی صلاحیت اور خطے کی پیچیدہ صورتحال میں مثبت کردار کا مظہر ہے۔ پاکستان کی جانب سے جنگ بندی کی درخواست کو قبول کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کی بات کو سنجیدگی سے سنا جاتا ہے اور اسے ایک موثر سفارتی قوت کے طور پر تسلیم کیا جا رہا ہے۔

پی آئی اے کے نئے سفر کیلئے نیک تمنائیں

ایران پر امریکہ اسرائیل مشترکہ مسلط جنگ کی ہنگامی صورتحال کے پیش نظر میں حقہ مرب امارات میں پرعلاقوی قارن ایئر کامن واقعہ دوشنبہ کی ٹریننگ پروازیں کا چونکہ پابند تھا اس لیے لندن جتھہ پر اپنی فوری ایئر لائن پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی عرصہ چوسال بعد آغاز والی پرواز کیلئے ہم اپنا ہم بعض دوستوں کی کے ساتھ مرکیا کیسے محروم ہا ہم بعض دوستوں کی گیجوالی ویلیوز اور تصاویر سے معلوم ہوا کہ تیفرہ ایئر پورٹ پر منعقدہ باوقار اس تقریب میں برجانیہ میں تمام ہائی کمشنر ڈاکٹر فیصل ڈپٹی ہائی کمشنر بلی کیپٹن کے افسران پی آئی اے کے سی ای او فنانشل ملحدلین میں پی آئی اے کے بہترین سٹاف سیٹ کسٹومر ٹیم کے پی آئی اے حکام نے شرکت کی اور کیک کاٹا تو پی آئی اے کے عرصہ چوسال بعد تھفرہ کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر اڑنے سے برجانیہ میں بسنے والے پاکستانیوں نے دلی خوشی و مسرت کا اظہار کیا۔ اہل وطن بخوبی آگاہ ہیں کہ بامال لوگوں کی اس لاجواب سروس کو جنے 2020 سے پورے اور یورپ کیلئے بند کر کے بنیاد پاکٹ سیکیول اور سیکیول انٹوز تھے جن سے پی آئی اے کو دنیا میں بھی بے جنبائی سے دوچار ہونا پڑا اور پوں ایوی ایشن کو دنیا کی بلاوجہ کے بعد طیاروں کی سیکیل کو بہتر کیا گیا۔ پی آئی اے کو اب پرائیویٹ سیکٹر میں آنچھی سے تمام بوئنگ ٹرپل سیون کے جتھرہ سے اڑانیں بھرنے والے طیاروں کی استعمال کا اور اور ڈائریکٹ فلائٹس سے برطانوی پاکستانیوں کے لیے ایک مرتبہ پھر سے آسانیاں پیدا ہوگئی ہیں۔

قومی ایئرلائن چونکہ نیگیٹری میں جا چکی ہے جس کی قوانت عارف حبیب کمیٹی گروپ اور اس کنسورشیم کے دیگر گروپ ادا کیں کر رہے ہیں اس لیے قصص کے مطابق ایئرلائن کا کنسورل اب نے مالکان کے پاس ہیں۔ اس لیگاری کا بنیادی مقصد سالہا سال سے ایئرلائن کو ہونے والے بھاری نقصان کو کم کر کے بہتر سروسز مہیا کرنے طیارے اور سرمایہ لانا ہے۔ اسے اب حالات کے ستم ظریفی میں گلی کا ایک بہترین اقدام ہے۔ یہ بات بھی شک و شبہ سے بالاتر ہے کہ سالہا سال سے جاری سیاسی ڈسکاؤنٹ سے قومی ایئرلائن بھی طور پر بعد امتحام کا شکار ہوئی۔ اتی انتظامیہ نے روٹر کیلئیشن پر عمل کروانے میں اگر کامیاب ہو گئی تو لیکن یہ کیا جا سکتا ہے کہ پی آئی اے بہت جلد دنیا کی ایک بار پھر قابل اعتماد اور نمبرون ایئرلائن بن جائیگی۔ کینیڈا (ٹورنٹو) فلائٹس سے دنیا بھر میں ہونے والی بیک شبانی آج بھی سوالیہ نشان کی ہوئی ہے۔ گزشتہ تین برس کے دوران ٹورنٹو جانے والی پی آئی اے فلائٹس کے بعض کیبن کریو بھر ٹرکا کینڈ کے بعد بعید طور پر غائب ہو جاتا یا پہلے سے شدہ منصوبہ بندی کے تحت اسلام کیلئے درخواست دینے کے عمل سے گزرنے ہوئے قومی ایئرلائن اور ملک کو بدنامی سے دوچار کرنا وہ عمل قابل سے بھاری خسارے سے دوچار ایئرلائن شدید متاثر ہوئی۔ اب تک ضرورت اس امر کی ہے کہ پی آئی اے کو حقیقت میں بامال لوگوں کی ازجانب سروس بنانے اسکے واقعات اور معیار کو ازسرنو عالمی سطح پر دوچار کرنے مرحت اور ٹیم بھاری کا جائزہ لیا جائے تاہم کنسورشیم کے چیئرمین عارف حبیب نے توقع ظاہر کی ہے کہ حالات کے مطابق جلدی پی آئی اے قیمتاً 60 طیاروں تک لے جانے جا رہا ہے۔ یاد رہے کہ قومی ایئرلائن میں 30 طیارے موجود ہیں جن میں سے 11 ایئر بسز اور چھوٹے مرحت اور ٹیم بھاری کا جائزہ لیا جائے تاہم کنسورشیم کے چیئرمین عارف حبیب نے توقع ظاہر کی ہے کہ حالات کے مطابق جلدی پی آئی اے قیمتاً 60 طیاروں تک لے جانے جا رہا ہے۔ یاد رہے کہ قومی ایئرلائن میں 30 طیارے موجود ہیں جن میں سے 11 ایئر بسز اور چھوٹے مرحت اور ٹیم بھاری کا جائزہ لیا جائے تاہم کنسورشیم کے چیئرمین عارف حبیب نے توقع ظاہر کی ہے کہ حالات کے مطابق جلدی پی آئی اے کو ہم سے کم مدت میں صنع بخش اور عوام میں مزید مقبول بنانا ہے۔ جن مطابق اطلاعات یہ بھی ہیں کہ جتنے بہت قبول کی بڑا حقہ دیر مفاح روش بند کیے جا رہے ہیں۔ اس میں صدر طور پر 14 اپریل کو بیچنے اور کولہو پر پرواز میں مطلق کرنے کا اعلان بھی شامل ہے جبکہ دوسری جانب پی آئی اے بعض طبقی ممالک کیلئے پروازیں مطلق پابندی پر ایئر پیش کی ہوئی ہے۔ جن میں ان کا بنتا تھا کہ آرٹ بھی صدر کو پابند کیا جا رہا ہے۔ سبھوں سیٹ دیکھیں سے حقیقی افراد کے ڈسکاؤنٹ کا خاتمہ پاشہ بھی انتظامیہ کیلئے بہترین اقدام ہے۔ یہ بات بھی شک و شبہ سے بالاتر ہے کہ سالہا سال سے جاری سیاسی ڈسکاؤنٹ سے قومی ایئرلائن بھی طور پر بعد امتحام کا شکار ہوئی۔ اتی انتظامیہ نے روٹر کیلئیشن پر عمل کروانے میں اگر کامیاب ہو گئی تو لیکن یہ کیا جا سکتا ہے کہ پی آئی اے بہت جلد دنیا کی ایک بار پھر قابل اعتماد اور نمبرون ایئرلائن بن جائیگی۔ کینیڈا (ٹورنٹو) فلائٹس سے دنیا بھر میں ہونے والی بیک شبانی آج بھی سوالیہ نشان کی ہوئی ہے۔ گزشتہ تین برس کے دوران ٹورنٹو جانے والی پی آئی اے فلائٹس کے بعض کیبن کریو بھر ٹرکا کینڈ کے بعد بعید طور پر غائب ہو جاتا یا پہلے سے شدہ منصوبہ بندی کے تحت اسلام کیلئے درخواست دینے کے عمل سے گزرنے ہوئے قومی ایئرلائن اور ملک کو بدنامی سے دوچار کرنا وہ عمل قابل سے بھاری خسارے سے دوچار ایئرلائن شدید متاثر ہوئی۔ اب تک ضرورت اس امر کی ہے کہ پی آئی اے کو حقیقت میں بامال لوگوں کی ازجانب سروس بنانے اسکے واقعات اور معیار کو ازسرنو عالمی سطح پر دوچار کرنے مرحت اور ٹیم بھاری کا جائزہ لیا جائے تاہم کنسورشیم کے چیئرمین عارف حبیب نے توقع ظاہر کی ہے کہ حالات کے مطابق جلدی پی آئی اے قیمتاً 60 طیاروں تک لے جانے جا رہا ہے۔ یاد رہے کہ قومی ایئرلائن میں 30 طیارے موجود ہیں جن میں سے 11 ایئر بسز اور چھوٹے مرحت اور ٹیم بھاری کا جائزہ لیا جائے تاہم کنسورشیم کے چیئرمین عارف حبیب نے توقع ظاہر کی ہے کہ حالات کے مطابق جلدی پی آئی اے کو ہم سے کم مدت میں صنع بخش اور عوام میں مزید مقبول بنانا ہے۔ جن مطابق اطلاعات یہ بھی ہیں کہ جتنے بہت قبول کی بڑا حقہ دیر مفاح روش بند کیے جا رہے ہیں۔ اس میں صدر طور پر 14 اپریل کو بیچنے اور کولہو پر پرواز میں مطلق کرنے کا اعلان بھی شامل ہے جبکہ دوسری جانب پی آئی اے بعض طبقی ممالک کیلئے پروازیں مطلق پابندی پر ایئر پیش کی ہوئی

01
بقیہ نمبر
اطلاع دی گئی کہ دو بچیوں اور بچے کی لاشیں ملی ہیں، بچوں کو گلا کاٹ کر قتل کیا گیا۔ رسکیو 1122 کے مطابق اچھرہ کے علاقہ شاہدمال ،شالامار بازار سے تین بچوں کے کٹے ہوئے گلے کی حالت میں ملنے والی بچی کو ایمبولینس گاڑیاں جائے حادثے پر پہنچیں۔ کار کے مطابق بازار میں تین بچوں کی لاشیں پڑی ہیں، تین بچوں کا گلا تیز دھار آلے سے کاٹا گیا۔ رسکیو حکام کے مطابق 5 سالہ معوذ بچی، 8 سالہ مومن رضا اور ڈیڑھ سالہ ام حبیبہ کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے میوہاسپتال منتقل کر دی گئی۔ بچوں کے والدین نے ابتدائی بیان دیا کہ گھر کو باہر سے تالا لگا کر میڈیکل سٹور پر ادویات لینے کے لیے گئے تھے، جب واپس گھر آئے تو بچوں کی گردنیں کٹی ہوئی تھیں۔ واہی پور انہوں نے گھر کے اندر یا بچوں کو مزید حالت میں پایا، جن کے گلے تیز دھار آلے سے کاٹے گئے تھے۔ اس المناک واقعے نے بتایا کہ جائے وقوعہ سے خاندان کے دو ملازم لاپتہ ہیں۔ ایس ایس پی آپریشن کو مرکوز کر دیا گیا، سیشن جج محمد فیصل کو سانحہ والی جگہ پر تعینات کیا گیا ہے، سیشن جج منڈی بہاؤالدین محمد مدثر کو اکاؤنٹ سیشن جج شیخ یار علی عامر مسلم رانا کو منڈی بہاؤالدین، سیشن جج قصور زاہد بشیر کو شکرگڑھ تعینات کر دیا گیا، سیشن جج نگہت حفیظ کو سانجوال، سیشن جج راولپنڈی عاصر حسین کو مانوالی، سیشن جج سیالکوٹ اصغر علی کو اوپلہ، سیشن جج ذوالفقار علی کو پسرور، سیشن جج فرحان کو کلرکہار، سیشن جج عابد حسین کو بھکر، سیشن جج شہزاد مقصود کو کبیر والا، سیشن جج منڈی بہاؤالدین کو ڈسکہ، سیشن جج ثناء اللہ خان عامر کو ظفر وال، سیشن جج سیالکوٹ کو پسرور، سیشن جج قصور کو شکرگڑھ، سیشن جج ذوالفقار کو کلرکہار، سیشن جج عابد حسین کو بھکر، سیشن جج محمد فیصل کو سانجوال، سیشن جج راولپنڈی کو اوپلہ، سیشن جج شیخ یار علی عامر مسلم رانا کو منڈی بہاؤالدین، سیشن جج قصور زاہد بشیر کو شکرگڑھ، سیشن جج سیالکوٹ اصغر علی کو پسرور

پولیس کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جائیں گی

وزیر داخلہ سندھ

کورس کی کامیاب تکمیل میں ٹرینرز کی محنت، لگن اور پیشہ ورانہ مہارت قابلِ تحسین ہے، جنہوں نے اہلکاروں کو بہترین انداز میں تربیت فراہم کی

صوبے میں دو بین الاقوامی معیار کے پولیس ٹریننگ سینٹرز قائم کیے جائیں گے، جس کے لیے پی سی ون کی سفارشات جلد از جلد ارسال کی جائیں، وزیر داخلہ سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہید بے نظیر بھٹو ایڈیشنل پولیس ٹریننگ سینٹر زرداق آباد میں ایک اہم اور پرتاثر تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح کے ساتھ ساتھ ایڈیشنل ٹریننگ سینٹر زرداق آباد اور دیگر اضسران اور باک "C" کو کمرشل ضوص سے ملانے والی نئی سڑک کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ سندھ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

رائف بال، ڈائریکٹر جنرل ایڈیشنل ٹریننگ سینٹر زرداق آباد، کمانڈنٹ زرداق آباد اور دیگر افسران تھے۔ ٹریننگ سینٹر زرداق آباد پی آئی جی ٹریننگ، کمانڈنٹ زرداق آباد اور دیگر افسران نے وزیر داخلہ کا پرتپاک استقبال کیا، جبکہ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ وزیر داخلہ سندھ نے اس موقع پر پولیس ٹریننگ سینٹر میں توقیر شدہ انچلی ....

سندھ حکومت کا کمیٹی کو عام تعطیل کا اعلان

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ حکومت نے کچی مسی کو عام تعطیل کا اعلان کر دیا۔ اس حوالے سے جاری ہونے والے نوٹی فیکیشن کے مطابق جمعہ کیم مئی کو یوم مزدور کے موقع پر عام تعطیل ہوگی۔

پاکستان نے 2023 کے بعد ایل این جی کارگو کیلئے تین ٹینڈر جاری کر دیے

لندن (ویب ڈیسک) پاکستان ایل این جی لمیٹڈ نے دسمبر 2023 کے بعد پہلی بار مائع قدرتی گیس کے کارگو کے لیے ٹینڈر جاری کیا ہے کیونکہ مشرق وسطی میں جنگ کے باعث رسدکی کا سامنا ہے۔ برطانوی خبر ایجنسی کے مطابق کمپنی نے بین الاقوامی سپلائرز سے تقریباً 140,000 کیوبک میٹر کے تین ایل این جی کارگو کے لیے بولیاں طلب کی ہیں، جن کی ترسیل 27 سے 30 اپریل، یکم سے 7 مئی اور 8 سے 14 مئی ....بقیہ صفحہ 2 نمبر 40

پاکستان SADC چیمبر ٹریڈ فیڈریشن نے پاک افریقہ ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ کانفرنس 2026 سے قبل علاقائی تجارتی روابط مضبوط بنانے کے اقدامات تیز کر دیے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان SADC چیمبر ٹریڈ فیڈریشن (PSCTF) نے کراچی میں منعقد ہونے والی آئندہ پاک افریقہ ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ کانفرنس 2026 کی تیاریوں کے سلسلے میں اڈاکا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور سکھر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی قیادت کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس منعقد کیا، جس کا مقصد اسٹریٹجک تعاون کو فروغ دینا تھا۔ اجلاس میں پاکستان SADC چیمبر ٹریڈ فیڈریشن کی جانب سے صدر ....بقیہ صفحہ 2 نمبر 41

صدر ٹرمپ نے ایران کیساتھ جنگ بندی کیلئے کوئی ڈیڈ لائن مقرر نہیں کی، کیرولین لیوٹ

واشنگٹن (ویب ڈیسک) وائٹ ہاؤس کی ترجمان کیرولین لیوٹ نے واضح کیا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ جنگ بندی کے لیے کوئی حتمی ڈیڈ لائن مقرر نہیں کی۔ کیرولین لیوٹ نے ان خبروں کو مسترد کیا جن میں 3 سے 5 روزکی ڈیڈ لائن کا ذکر کیا جا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

سونا سستا ہو گیا؛ عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت مسلسل تیسرے دن کم

جھمرات کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں 52 ڈالر کی بڑی کمی ریکارڈ ہوئی

کراچی (ویب ڈیسک) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں آج مسلسل تیسرے دن قیمتوں میں کمی ریکارڈ ہوئی۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں جمعرات کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں 52 ڈالر کی بڑی کمی ریکارڈ ہوئی، جس کے نتیجے میں عالمی قیمت 4 ہزار 714 ڈالر فی اونس کی سطح پر آ گئی۔ دریں اثنا مقامی مارکیٹ کے برائز مقامی صرافہ بازاروں میں بھی 24 قیراط کے سونے کی قیمت میں آج 5200 روپے کی کمی ہوئی، بلین کے بعد مقامی سطح پر سونے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

لاہور میں قتل کی لرزہ خیز واردات گھر سے 3 بچوں کی گلا کٹی لاشیں برآمد

بچوں کے سفاکانہ قتل کا واقعہ انتہائی تکلیف دہ ہے، ذمہ دار قانونی کارروائی اور کڑی سزا سے نہیں بچ سکیں گے، وزیر اعلیٰ مریم نواز کا سخت نوٹس

گھر کو تالا لگا کر ادویات لینے قریبی فارمیسی گئے تھے، واپسی پر بچوں کو مردہ حالت میں پایا، گلے تیز دھار آلے سے کاٹے گئے، والدین کے بیان

لاہور (ویب ڈیسک) لاہور کے علاقے اچھرہ میں قتل کی لرزہ خیز واردات، تین کمسن بچوں کو گلے کاٹ کر قتل کر دیا گیا، پولیس نے حتمادا بیان پر والدین اور چچا کو حراست میں لے کر تحقیقات شروع کر دی، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے تین معصوم بچوں کے قتل پر شدید دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے آئی جی پولیس سے رپورٹ طلب کر لی۔ پولیس کے مطابق 5 ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

اوجی ڈی سی ایل نے اٹک میں گیس کے کنویں سے پیداوار بحال کر لی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی (او جی ڈی سی ایل) نے اٹک میں واقع جنڈ 1- کنویں سے گیس کی پیداوار شروع کر دی۔ اعلامیے کے مطابق جنڈ 1- کنواں یومیہ 2 کروڑ 10 لاکھ کیوبک ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

حکومت کا آئندہ بجٹ میں غیر ضروری پابندیاں ختم کرنے کا فیصلہ

درآمدات اور برآمدات پر عائد 2600 سے زائد رکاوٹیں بتدریج کم کی جائیں گی، ذرائع

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت نے آئندہ بجٹ میں غیر ضروری پابندیاں اور تجارتی رکاوٹیں ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق آئندہ مالی سال 27-2026 کے وفاقی بجٹ میں پرانی تجارتی رکاوٹیں بتدریج ختم کرنے کا اصولی فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں نئے بجٹ میں 60 سے 70 غیر ضروری پابندیاں ختم ہوں گی، درآمدات اور برآمدات پر عائد 2600 سے زائد رکاوٹیں بتدریج کم کی جائیں گی۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق بین الاقوامی مالیاتی ....بقیہ صفحہ 2 نمبر 3

ایل ایو اسی پر دو دہشتگرد ہلاک کرنے کا بھارتی جھوٹ بے نقاب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ایل او سی (لائن آف کنٹرول) پر دو دہشتگرد ہلاک کرنے کا بھارتی جھوٹ بے نقاب ہو گیا۔ 23 اپریل 2025 کو ایل او سی کے علاقے سرجیو میں دو مبینہ دہشتگردوں کو ہلاک کرنے کا بھارتی دعویٰ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتوں میں اچانک بڑا اضافہ

قیمتوں میں مسلسل اضافے کی وجہ سے عام صارفین کی قوت خرید شدید متاثر ہو رہی ہے، تاجر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ملک بھر میں گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتوں میں اچانک بڑا اضافہ ہوا، جس کے بعد فی ٹن 5 60 تھوڑ فی گھریلو ٹرینک کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کا کہنا ہے کہ دیہ اول گھی اور کوکنگ آئل کی قیمت میں 30 روپے فی کلو اضافہ ہوا ہے، جس کے بعد قیمت 560 روپے سے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

یک نیچر ڈاکٹرز ایسوسی ایشن پنجاب کے ارکین نے مستقل کرنے کے لیے ملتان میں احتجاجی ریلی نکالی

وزیر داخلہ سندھ کا خیر پور بلاکتوں کے واقعہ کا سخت نوٹس، انکوائری کا حکم

ضیا لنجار نے تحقیقات کے لیے ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی و اضافہ ڈائریکٹر کی انکوائری آفیسر مقرر کر دیا

کراچی (ویب ڈیسک) وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے خیر پور میں پیش آنے والے بلاکتوں کے واقعہ کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی سکھر سے فوری طور پر تحقیقات طلب کر لی ہیں۔ وزیر داخلہ سندھ نے واقعہ کی شفاف، غیر جانبدار اور جامع تحقیقات یقینی بنانے کے لیے ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی و اضافہ ڈائریکٹر کی انکوائری آفیسر مقرر کر دیا ہے۔ ضیا الحسن لنجار نے ہدایت کی ہے کہ واقعہ کے تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائے اور حقائق سامنے لانے کے لیے ہر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

خواتین کو خود سے محبت کرنا سیکھنا چاہیے اور اپنی ذات کے ساتھ مضبوط تعلق قائم کرنا چاہیے، نادیہ جمیل

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستانی اداکارہ نادیہ جمیل نے حالیہ انٹرویو میں اپنی ہمراہ خود سے محبت (سیلف لو (کے حوالے سے مکمل گفتگو کی ہے۔ نادیہ جمیل جو دھوپ میں سائبان، میرے پاس پاس، وسماء درشہوار، مجھے جینے دو اور جو مجھ کے جیسے ڈراموں میں اپنی جاندار اداکاری کے لیے جانی جاتی ہیں، حال ہی میں فی ٹی وی مارننگ شو میں شریک ہوئیں جہاں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

قیمتوں میں اضافہ؛ ایمپریس مارکیٹ صدر میں خریداری کی سرگرمی کو کم کرتا ہے

پنجاب میں 18 سیشن ججز کے تقرر و تبادلے کر دیے گئے

سیشن جج اوکاڑہ شبیر اور رضا کو ایس ڈی سیشن کورٹ لاہور میں تعینات کر دیا گیا

لاہور (ویب ڈیسک) پنجاب کے 18 سیشن ججز کے تقرر اور تبادلے، چیف جسٹس عالیہ نیلم کی منظوری کے بعد سیشن جج کے تقرر اور تبادلوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق 14 اضافات کے بعد سیشن جج کو ایس ڈی کر دیا گیا، سیشن جج اوکاڑہ شبیر اور رضا کو ایس ڈی سیشن کورٹ لاہور میں تعینات کر دیا گیا، سیشن جج ساہیوال ضیاء اللہ کو ایس ڈی سیشن کورٹ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

کتاب پڑھنا بہت پسند ہے، جب بھی فرصت ملے کتاب اٹھا لیتی ہوں، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (ویب ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کتاب کے عالمی دن پر کتاب لکھنے، چھاپنے، بیچنے اور پڑھنے والوں کو سلام پیش کیا ہے۔ عالمی یوم کتب پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل دور میں بھی کتاب کی اہمیت کم ہوئی نہ ہوگی۔ انسان کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

حب ریور روڈ پر کارروائی، نان کسٹم پیڈ چھالیہ برآمد، دو ملزم گرفتار

سائٹ بی پولیس نے کارروائی کی، مزید ڈاکرٹ سے 85 بڑے کارٹن میں منشی چھالیہ نکلی

کراچی (ویب ڈیسک) سائٹ بی پولیس نے حب ریور روڈ پر کارروائی کرتے ہوئے 50 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی نان کسٹم پیڈ چھالیہ برآمد کر کے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تحصیلات کے مطابق سائٹ بی پولیس نے حب ریور روڈ پر کارروائی کرتے ہوئے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

یوسف رضا گیلانی نے سید ممین الحق گیلانی اور انکے خاندان سے والد کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا

پنجاب کابینہ نے ڈومیسائل فیس میں 175 فیصد اضافے کی منظوری دیدی

ڈومیسائل فیس صرف ای پے پنجاب کے ذریعے وصول کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے

لاہور (ویب ڈیسک) پنجاب کابینہ کی جانب سے ڈومیسائل فیس میں 175 فیصد اضافے کی منظوری دے دی گئی۔ تحصیلات کے مطابق ڈومیسائل فیس 200 روپے سے بڑھا کر 550 روپے مقرر کرنے کی منظوری دی گئی، اس میں 200 روپے فیس، 300 روپے ای افیڈیویٹ اور 50 روپے سروس چارج شامل ہوں گے۔ ڈومیسائل فیس صرف ای پے پنجاب کے ذریعے وصول کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، پنجاب کے شہریوں کو ڈومیسائل اب آن لائن اپلائی اور گھر بیٹھے موصول ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

کوئٹہ میں ایک فرضی کارٹ پر پلاسٹک کے بورے بیچتا ہے تاکہ اپنے خاندان کی کفالت کر سکے

ریڈ لائن منصوبہ واحد پروجیکٹ ہے جس میں عوام کو تکلیف ہو رہی ہے

شرجیل میمن

48 گھنٹے میں ریڈ لائن منصوبے پر کام دوبارہ شروع کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، شاہراہ بھٹو پر کام کی پیش رفت سے مطمئن ہیں

ایشیائی ترقیاتی بینک کی مشاورت کے ساتھ ہی ہم نے یہ قدم اٹھایا، حکومت اس کوریڈور کو جلد از جلد مکمل کرنا چاہتی ہے، سینئر وزیر

کراچی (ویب ڈیسک) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل میمن نے کہا ہیکہ 48 گھنٹے میں ریڈ لائن منصوبے پر کام دوبارہ شروع کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ میں گفتگو کرتے ہوئے شرجیل میمن نے کہا کہ ریڈ لائن منصوبہ واحد پروجیکٹ ہے جس میں عوام کو تکلیف ہو رہی ہے، حکومت سندھ نے لائٹ ون اور لائٹ ٹو کو بہت دفتر دار کیا کہ وقت پر کام کریں، لائٹ ٹو کے 8 فایئٹ تھی کہ وہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

بانی پی ٹی آئی 3 پارٹی رہنماؤں سے سخت ناراض

راولپنڈی (ویب ڈیسک) بانی پی ٹی آئی نے حامد خان، سلمان اکرم راجہ اور انگار یلخوشہ پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے پوچھا ہے کہ "میرے نام پر ٹکٹ لینے والے دکھا اب کہاں غائب ہیں؟ تحقیقات کے مطابق بانی پی ٹی آئی نے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

ایل این جی کی ایسپاٹ خریداری کا فیصلہ، تین کارگوز کے لیے بڈز طلب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان نے ایل این جی کی ایسپاٹ خریداری کا فیصلہ کرتے ہوئے عالمی کمپنیوں سے تین ایل این جی کارگوز کے لیے بڈز طلب کر لیں۔ کے مطابق بڈز 24 اپریل تک طلب کی گئی ہیں اور 24 اپریل کو ہی اوپن کر دی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق تین ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

کارلفٹر زمعروف سندھی فنکار طفیل شجرانی کی گاڑی لے اڑے

گاڑی میں ایک قیمتی کیمرا اور دیگر اہم ذاتی سامان بھی موجود تھا جو اپنے ساتھ لے گئے

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی کے علاقے طارق روڈ سے کارلفٹر زمعروف سندھی فنکار طفیل شجرانی کی گاڑی لے اڑے۔ واقعے کا مقدمہ فیروز آباد تھانے میں درج کر لیا گیا ہے۔ طفیل شجرانی کے مطابق انہوں نے شام 7 بجے طارق روڈ پر پارکنگ میں اپنی گاڑی کھڑی کی تھی، تاہم جب وہ تھوڑی دیر بعد واپس آئے تو گاڑی وہاں موجود نہیں تھی۔ فنکار نے پولیس کو بتایا کہ گاڑی میں ایک قیمتی کیمرا اور دیگر اہم ذاتی سامان بھی موجود تھا جو چور اپنے ساتھ لے گئے ہیں۔ پولیس نے فنکار ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

تعلیمی اداروں میں ویڈیو سپلائی کرنیوالا نیٹ ورک پکڑا گیا، 3 گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) تعلیمی اداروں میں ویڈیو فروخت کرنے والے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، جن میں 2 یونیورسٹی کے طالب علم ہیں۔ تحصیلات کے مطابق تعلیمی اداروں میں شیئات فروخت کرنے والے بین الصوبائی گروہ کا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

ڈکیتی مزاحمت پر شہری کو قتل کرنے والا ملزم زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) الیا قبرستان کے قریب پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں 2 روز قبل ڈکیتی مزاحمت پر شہری کو قتل کرنے کے واقعے میں ملوث ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا جبکہ اس ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

کراچی 23 اپریل 2026: جسے جسے آلودہ ہوا بڑھتی جا رہی ہے علاقہ برف کے گولے بھینچے والوں کی طرف رخ کر کر برسے ہیں ٹنک شیپ برف

طلبا نے لاہور کی گرمی کو شکست دینے کے لیے اسٹریٹ فروشوں سے آئس کولا خریدا

ایک پلاننگ کے تحت کراچی کو برباد کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، فاروق ستار

کراچی پورے ملک کی معیشت کو چلاتا ہے، اس کے ساتھ سوتیلوں جیسا سلوک ہو رہا ہے

کراچی (ویب ڈیسک) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے رہنما فاروق ستار کا کہنا ہے کہ ایک پلاننگ کے تحت کراچی کو برباد کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ سندھ ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کراچی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

سندھ یونیورسٹی خیر پور کا دورہ

گورنر سندھ کا شاہ عبداللطیف یونیورسٹی خیر پور کا دورہ

سکھر (ویب ڈیسک) گورنر سندھ سید محمد قنبال باقی نے شاہ عبداللطیف یونیورسٹی خیر پور کا دورہ کیا، جہاں ان کا پرتپاک استقبال چیئرمین بائیر ایجوکیشن کمیشن پروفیسر ڈاکٹر نیاز اور وائس چانسلر ڈاکٹر محمد یوسف خٹک نے کیا۔ گورنر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

میرٹ، شفافیت اور تعلیمی بہتری کو ہر صورت برقرار رکھا جائے؛ اویس قادر شاہ

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ اسمبلی کی خصوصی کمیٹی کا اہم اجلاس اپوزیشن لیڈر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں صوبے میں اساتذہ کی بھرتیوں کے لیے ویٹنگ امیدواروں کے معاملے پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

پلیئر اپنے لئے اہداف رکھیں تو سب کچھ ممکن ہے، بہتری کی گنجائش ہمیشہ رہتی ہے، صاحبزادہ فرحان

کراچی (ویب ڈیسک) ملتان سلطانز کے صاحبزادہ فرحان نے کہا ہے کہ پلیئر اپنے لئے اہداف رکھیں تو سب کچھ ممکن ہے، بہتری کی گنجائش ہمیشہ رہتی ہے، صاحبزادہ فرحان کا کہنا تھا کہ مجھے انداز ہ تھا کہ اپنا اسٹرائیک ریٹ بہتر کرنا ہے، اس پر کام کیا، انہوں محنت کرے تو سب کچھ ممکن ہے، ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 18

وزیر اعلیٰ پنجاب نے اپنا کھیت اپنا روزگار اسکیم پورٹل کا افتتاح کر دیا

پہلے مرحلے میں پنجاب کے مختلف اضلاع میں 13,812 زرعی لائسں کے ذریعے 88,780 خاندان مستفید ہوں گے

اسسٹنٹ کمشنر اور محکمہ زراعت کے افسران پر مشتمل کمیٹی سال میں دو مرتبہ زمینوں کا معائنہ کرے گی اور کاشت کے عمل کا جائزہ لے گی

لاہور (ویب ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپنا کھیت، اپنا روزگار اسکیم پورٹل کا افتتاح کر دیا۔ اس اسکیم کے تحت پنجاب بھر میں بے زمین دیہاتیوں کو تقریباً 160 ارب روپے مالیت کی زرعی اراضی فراہم کی جائے گی، حکومتی عکسی عملی کے مطابق اراضی کی نشاندہی پانی کی دستیابی اور زمین کی زرخیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جائے گی تاکہ کاشتکار بہتر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17